Noble Quran القُرآن الحَکِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) اردو ترجمہ بمعہ عربی (حضرت شاہ عبدِالقادر)

سورۃ المطففین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَيۡلٌ لِّلۡمُطَفِّفِينَ خرابی ہے (ناپ تول میں) گھٹانے والوں کی۔	.1
ٱلَّذِينَ إِذَا ٱكۡتَالُواْ عَلَى ٱلنَّاسِ يَسۡتَوۡفُونَ وہ کہ جب ماپ لیں لوگوں سے، پورا بھر لیں۔	.2
وَإِذَا كَالُوهُمۡ أَو وَّزَنُوهُمۡ يُخۡسِرُونَ اور جب ماپ دیں ان کو، یا تول دیں تو گھٹا کر دیں۔	.3
أَلَا يَظُنُّ أُوْلَٰٓئِكَ أَنَّهُم مَّبۡعُوثُونَ کیا خیال نہیں رکھتے وہ لوگ کہ ان کو اٹھنا ہے،	.4
لِيَوۡمٍ عَظِيمٍ ایک بڑے دن میں،	.5

يَوۡمَ يَقُومُ ٱلنَّاسُ لِرَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ جس دن کھڑے رہیں لوگ راہ دیکھتے جہان کے صاحب (رب العالمین) کی۔	.6
كَلَّآ إِنَّ كِتَٰبَ ٱلۡفُجَّارِ لَفِي سِجِّينٖ کوئی نہیں! لکھا گنہگاروں کا پہنچا بندی (قید) خانہ میں۔	.7
وَمَآ أَدۡرَىٰكَ مَا سِجِّينٞ اور تجھ کو کیا خبر ہے کیسا بندی (قید) خانہ؟	.8
كِتَٰبٞ مَّرۡقُومٞ ایک دفتر ہے لکھا ہوا۔	.9
وَيۡلٞ يَوۡمَئِذٖ لِّلۡمُكَذِّبِينَ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی،	.10
ٱلَّذِينَ يُكَذِّبُونَ بِيَوۡمِ ٱلدِّينِ جو جھوٹ جانتے ہیں انصاف کا دن۔	.11
وَمَا يُكَذِّبُ بِهِۦٓ إِلَّا كُلُّ مُعۡتَدٍ أَثِيمٍ اور اس کو جھٹلاتا وہی ہے، جو بڑھ چلنے (حد سے بڑھنے) والا گنہگار ہے۔	.12
إِذَا تُتۡلَىٰ عَلَيۡهِ ءَايَٰتُنَا قَالَ أَسَٰطِيرُ ٱلۡأَوَّلِينَ جب سنایئے اس کو ہماری آیتیں، کہے نقلیں ہیں پہلوں کی۔	.13

14. كَلَّا ۖ

كوئی (ہرگز) نہیں!

بَلْ ۜ رَانَ عَلَىٰ قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ

پر زنگ پکڑ گیا ہے ان کے دلوں پر، وہ جو کچھ کماتے تھے۔

15. كَلَّا إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوبُونَ

کوئی نہیں (بیشک)! وہ اپنے رب (کے دیدار) سے اس دن روکے جائیں گے،

16. ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيمِ

پھر مقرر (بلاشبہ) وہ پہنچنے والے ہیں دوزخ میں۔

17. ثُمَّ يُقَالُ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ

پھر کہیئے گا، یہ ہے جس کو تم جھوٹ جانتے تھے۔

18. كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ

کوئی نہیں (ہرگز)! لکھا نیکوں کا ہے اوپر والوں (علیّین) میں۔

19. وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ

اور تجھ کو کیا خبر ہے کیا ہیں اوپر والے؟

20. كِتَابٌ مَّرْقُومٌ

ایک دفتر ہے لکھا۔

.21 يَشۡهَدُهُ ٱلۡمُقَرَّبُونَ

اس کو دیکھتے (نگہداشت کرتے) ہیں فرشتے نزدیک والے (مقرب)۔

.22 إِنَّ ٱلۡأَبۡرَارَ لَفِي نَعِيمٍ

بیشک نیک لوگ ہیں آرام میں۔

.23 عَلَى ٱلۡأَرَآئِكِ يَنظُرُونَ

تختوں پر بیٹھے دیکھتے۔

.24 تَعۡرِفُ فِي وُجُوهِهِمۡ نَضۡرَةَ ٱلنَّعِيمِ

پہنچانے (دیکھے) تو ان کے منہ پر تازگی آرام کی۔

.25 يُسۡقَوۡنَ مِن رَّحِيقٖ مَّخۡتُومٍ

ان کو پلائی جاتی ہے شراب مہر میں دھری (سربمہر)۔

.26 خِتَـٰمُهُۥ مِسۡكٞۚ

جسکی مُہر جمتی ہے مشک پر،

وَفِي ذَٰلِكَ فَلۡيَتَنَافَسِ ٱلۡمُتَنَـٰفِسُونَ

اور اس پر چاہیۓ رغبت کریں رغبت کرنے والے۔

.27 وَمِزَاجُهُۥ مِن تَسۡنِيمٍ

اور اس کی ملونی (آمیزش) اوپر سے پڑی (جنت کی نہر)۔

.28 عَيۡنًا يَشۡرَبُ بِهَا ٱلۡمُقَرَّبُونَ

ایک چشمہ، جس سے پیتے ہیں نزدیک والے (مقرب بندے)۔

.29 إِنَّ ٱلَّذِينَ أَجۡرَمُواْ كَانُواْ مِنَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ يَضۡحَكُونَ

وہ جو گنہگار ہیں، وہ تھے ایمان والوں سے (پر) ہنستے۔

.30 وَإِذَا مَرُّواْ بِهِمۡ يَتَغَامَزُونَ

اور جب ہو نکلتے (گزرتے) ان (کے) پاس آپس میں اشارے کرتے،

.31 وَإِذَا ٱنقَلَبُوٓاْ إِلَىٰٓ أَهۡلِهِمُ ٱنقَلَبُواْ فَكِهِينَ

اور جب پھر (لوٹ) کر جاتے اپنے گھر، پھر جاتے باتیں بناتے۔

.32 وَإِذَا رَأَوۡهُمۡ قَالُوٓاْ إِنَّ هَٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّونَ

اور جب ان کو دیکھتے، کہتے، بیشک یہ لوگ بہک رہے (گمراہ) ہیں۔

.33 وَمَآ أُرۡسِلُواْ عَلَيۡهِمۡ حَٰفِظِينَ

اور ان کو بھیجا نہیں ان پر نگہبان۔

.34 فَٱلۡيَوۡمَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنَ ٱلۡكُفَّارِ يَضۡحَكُونَ

سو آج ایمان والے منکروں سے (پر) ہنستے ہیں۔

.35 عَلَى ٱلۡأَرَآئِكِ يَنظُرُونَ

تختوں پر بیٹھے دیکھتے ہیں۔

36. هَلۡ ثُوِّبَ ٱلۡكُفَّارُ مَا كَانُواْ يَفۡعَلُونَ

اب بدلہ پایا منکروں نے جیسا کرتے تھے۔

****

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com
Email:
quran4u_com@yahoo.com